نام: ____________ رول نمبر: ____________ سیکشن: ____________

اردو **تفہیم عبارت: ٹنکو میاں کی غلطی (1)** **جماعت: دوم**

ایک دفعہ کا ذکر ہے کسی جنگل میں بہت سے جانور رہتے تھے۔ جنگل بہت گھنا اور سرسبز تھا۔ درخت پھلوں سے لدے رہتے تھے۔ اس جنگل میں ایک ندی بھی تھی۔ جنگل کے سب جانور اس ندی سے پانی پیتے تھے۔ ندی کے کنارے دو خرگوش ٹنکو اور پنکو رہتے تھے۔ دونوں بھائی تھے۔ وہ ندی کے کنارے کھیلتے تھے۔ ان کے گھر کے پاس ہی منکو کا گھر بھی تھا۔ منکو کی امی جان نے اپنے باغ میں گاجریں لگائی ہوئی تھیں۔ ٹنکو میاں کو گاجریں بہت پسند تھیں۔ صبح جب وہ سیر کے لیے جاتے تو گاجریں دیکھ کر ان کے منہ میں پانی بھر آتا تھا۔ ایک دن دونوں بھائی سیر کے لیے نکلے۔ گاجریں دیکھ کر ٹنکو نے پنکو سے کہا کہ تھوڑی سی گاجریں لے لیتے ہیں۔ پنکو نے اسے سمجھایا کہ کسی کی چیز اس سے پوچھے بغیر لینا اچھی بات نہیں ہے۔ دونوں بھائی سیر کے بعد گھر واپس آ گئے۔ اگلے دن ٹنکو میاں چپکے سے منکو کے گھر سے گاجریں لے آئے۔ امی جان کو پتا چلا تو وہ بہت ناراض ہوئیں۔ انھوں نے ٹنکو کو سمجھایا کہ کسی کی چیز اس کی اجازت کے بغیر لینا بہت بری بات ہے۔ ٹنکو میاں بہت شرمندہ ہوئے۔ انھوں نے امی جان کے سمجھانے پر منکو کو اس کی گاجریں واپس کر دیں اور امی جان سے وعدہ کیا کہ اب وہ کسی کی چیز اس کی اجازت کے بغیر استعمال نہیں کریں گے۔

1۔ **اوپر دی گئی کہانی غور سے پڑھ کر درست جواب منتخب کرتے ہوئے جملہ مکمل کیجیے۔**

i. جنگل میں درخت ______ سے لدے رہتے تھے۔ (پھلوں ، پھولوں)



ii. ٹنکو اور پنکو ______ تھے۔ (دشمن ، بھائی)

iii. ٹنکو میاں کو ______ بہت پسند تھیں۔ (گاجریں ، سیب)

iv. گاجریں دیکھ کر ان کے ______ میں پانی بھر آتا تھا۔ (ہاتھ ، منہ)

v. کسی کی چیز اس کی اجازت کے بغیر لینا بہت ______ بات ہے۔ (اچھی ، بری)

vi. ٹنکو نے ______ کے سمجھانے پر گاجریں واپس کر دیں۔ (امی ، ابو)

LIVEWORKSHEETS

نام: ____________ رول نمبر: ____________ سیکشن: ____________

اردو

# تفہیم عبارت: ٹنکو میاں کی غلطی (2)

جماعت: دوم

2۔ درج ذیل سوالات کے درست جوابات منتخب کیجیے۔



i. جنگل کیسا تھا؟

- گھنا اور سرسبز
- ویران اور بنجر

ii. جنگل کے سب جانور کہاں سے پانی پیتے تھے؟

- سمندر سے
- ندی سے



iii. ندی کے کنارے کون کھیلتے تھے؟

- چنو اور منو
- ٹنکو اور پنکو

iv. منکو کی امی جان نے گاجریں کہاں لگائی ہوئی تھیں؟

- باغ میں
- کمرے میں



v. ٹنکو میاں منکو کے گھر سے گاجریں کیسے لے کر آئے؟

- اجازت لے کر
- چپکے سے

LIVEWORKSHEETS